روزنامہ آغازِ جنگ لکھنؤ
ہفتہ 23 ستمبر، 2023

# مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد میں ایوننگ کالج کے آغاز کی تجویز

## کتاب ''شاہینِ اردو'' کی رسم اجرا پر پروفیسر سید عین الحسن کا خطاب



حیدرآباد، 22/ستمبر (پریس نوٹ) "مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی عنقریب پرانے شہر حیدرآباد کے اردو طلبا کے لیے مانو ماڈل اسکول فلک نما میں ایوننگ کالج شروع کرنے جارہا ہے۔" پروفیسر سید الحسن، وائس چانسلر نے آج کتاب 'شاہینِ اردو' کی رسم اجراء انجام دیتے ہوئے اس کا انکشاف کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر حیدرآباد کے اردوداں طبقے کی خدمت کے لیے اردو یونیورسٹی ہمہ تن سنجیدہ ہے اور تشنگان علم کے لیے مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ میں بی اے کورس بہت جلد شروع کیا جائے گا۔ قبل ازیں پروفیسر سید نجم الحسن، ڈین، المنائی امور نے کتاب کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب دو برس قبل منعقدہ سمینار ''اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز'' میں پیش کردہ مقالوں کا مجموعہ ہے جس کا مقصد اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو پیش کرتے ہوئے طلبہ برادری کو اردو یونیورسٹی سے جوڑنا ہے۔ پروفیسر شگفتہ شاہین، او ایس ڈی I نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو کتابی شکل میں پیش کرنا ایک خوش آئند اقدام ہے۔ کتاب کے مرتب ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروی، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ ماس کمیونکیشن اینڈ جرنلزم نے وائس چانسلر اور ڈین المونی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی فارغین کی آپ بیتیوں اور کامیابیوں کو کتاب کے ذریعے پیش کرنے کا مقصد اردو طلبا کی ہمت افزائی اور اردو یونیورسٹی کا تعارف پیش کرنا ہے۔ صدر انجمن طلباء قدیم جناب اعجاز علی قریشی نے مانو کے تعاون سے اردو طلبا میں شعور بیداری کے پروگرام منعقد کرنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ کالج کا آغاز پرانے شہر کے اردوداں طبقے بالخصوص نوجوانوں کے لیے ایک خوش آئند اقدام ہے۔ جناب ایوب خان، جوائنٹ سکریٹری انجمن کے علاوہ شاہد بابا اور عدنان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

AGAAZ E JUNG Lucknow 23 September 2023

# اردو یونیورسٹی میں ایم اے فارسی کے لیے اسپاٹ ایڈمیشن

حیدرآباد، 22ستمبر (پریس نوٹ) شعبہ فارسی ومطالعات وسط ایشیا، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فارسی ایم اے ریگولر کورس میں داخلوں کے لیے برسر موقع داخلہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ کے بموجب ایم اے فارسی صدر دفتر حیدرآباد، سٹیلائیٹ کیمپس لکھنو اور بڈگام سری نگر میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ جنہوں نے پہلے فارسی یا کسی دیگر مضمون میں داخلہ کے لیے درخواست داخل کی تھی لیکن کسی وجہ سے داخلہ نہ ملا ہو اب وہ اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ نئے طلبہ بھی درخواست داخل کرسکتے ہیں۔ آن لائن درخواست فارم داخل کرنے کے لیے پورٹل 24 ستمبر تک کھلا رہے گا۔ امیدوار کو متعلقہ دستاویزات کے ساتھ متعلقہ شعبہ کیمپس میں 25 ستمبر صبح 10 بجے تا 5 بجے شام شخصی طور پر رپورٹ کرنی ہوگی۔ منتخب امیدواروں کی فہرست 27 ستمبر کو جاری ہوگی۔ اور طلبہ کو 30 ستمبر تک فیس داخل کرنا ہوگا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر موجود ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے حیدآباد میں داخلہ کے لیے ڈاکٹر رضوان (9844963518)، لکھنو کے لیے ڈاکٹر ذیشان حیدر (9336027795) اور سری نگر کے لیے ڈاکٹر جنید احمد (8803732935) سے رابطہ کریں۔

روزنامہ آغاز جنگ لکھنؤ
ہفتہ 23 ستمبر، 2023

# شعبہ اردو، مانو میں افسانچوں کے مجموعے 'غول' کے اجرا کی تقریب

## پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اسلم جمشید پوری و دیگر کا خطاب





حیدرآباد، 22 ستمبر (پریس نوٹ) "ڈاکٹر رقیہ جمال نے اپنے افسانچوں کے موضوعات اپنے ماحول اور معاشرے سے لیے ہیں اور موجودہ عہد کے سلگتے مسائل کو فنکارانہ انداز میں پیش کیا ہے۔ ان کے افسانچوں میں زندگی کا ہر پہلو ملتا ہے۔ انہوں نے انسانی زندگی کے علاوہ حیوانات کی زندگی کو بھی موثر ڈھنگ سے پیش کیا ہے۔ ان کے افسانچے غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں" ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کل شعبہ اردو، مانو اور شعبہ اردو چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقدہ افسانچوں کے مجموعے "غول" کے اجرا کے موقعے پر کیا۔ انہوں نے رقیہ جمال کو ان کے پہلے مجموعے کی اشاعت پر مبارکباد دیتے ہوئے مزید کہا کہ وقت کے ساتھ ساتھ زندگی اور ادب میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ داستانوں کے بعد ناول، ناول کے بعد افسانے اور اب افسانچے لکھے جا رہے ہیں۔ جلسے کی مہمان خصوصی پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات نے کہا کہ رقیہ جمال کا تعلق اڈیشا سے ہے جو اردو کا کوئی روایتی مسکن نہیں ہے۔ ایک غیر اردو داں علاقے میں رہ کر وہ اردو کی خدمت کر رہی ہیں اور اپنے افسانچوں اور اڑیا ادب کا اردو میں ترجمہ کرکے ہمیں استفادہ کا موقع دے رہی ہیں۔ اُن کے افسانچوں میں سماج و معاشرہ کی پیچیدگی اور حقیقت نظر آتی ہے۔ دوسرے مہمان خصوصی پروفیسر اسلم جمشید پوری، صدر شعبہ اردو، چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ نے کہا کہ مانو کے شعبہ اردو نے اتنے قلیل عرصے میں ملک کے اردو شعبوں میں اپنا نمایاں اور انفرادی مقام حاصل کیا ہے۔

یہاں کے طلبہ اور اساتذہ اپنی صلاحیت و قابلیت کی بنا پر ہر جگہ اپنی چھاپ چھوڑنے میں کامیاب رہے ہیں۔ انہوں نے رقیہ جمال کے افسانچوں کا تنقیدی جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ رقیہ جمال ان نئی افسانچہ نگاروں میں شامل ہیں جنہوں نے اتنی کم عمری میں اچھے افسانچے لکھ کر قارئین کو چونکایا ہے۔ رقیہ جمال نے اپنی کتاب کی بہ حسن و خوبی رسم اجرا پر تمام مہمانان بالخصوص چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی اور شعبہ اردو مانو کا شکریہ ادا کیا۔ ابتدا میں صدر شعبہ اردو پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے تمام مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور شیخ الجامعہ کا شکریہ ادا کیا کہ وہ شعبے کی ترقی کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹر رقیہ جمال کو افسانچوں کو مجموعہ کی اشاعت کے لیے مبارک باد پیش کی۔ پروفیسر مسرت جہاں، استاد شعبہ اردو، مانو نے رقیہ جمال کے افسانچوں کی نمایاں خصوصیات سے واقف کراتے ہوئے کہا کہ یہ افسانچے ہماری روزمرہ زندگی سے تعلق رکھنے والے موضوعات و مسائل کا احاطہ کرتے ہیں۔ معروف فکشن نگار محترمہ قمر جمالی طبیعت کی خرابی کی وجہ سے جلسے میں شریک نہ ہو سکیں لیکن انہوں نے اپنا مضمون ارسال کیا جس میں رقیہ جمال کے افسانچوں کا نہایت باریک بینی سے جائزہ لیا گیا ہے۔ تقریب رسم اجرا میں ڈاکٹر کہکشاں لطیف، ڈاکٹر ظفر گلزار اور ڈاکٹر ارشاد سیانوی نے بھی مجموعے "غول" پر تنقیدی مقالے پیش کیے۔ اس موقعے پر ڈین بہبودی طلبہ پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، ڈائرکٹر مرکز مطالعات اردو ثقافت پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ڈپٹی ڈائرکٹر ڈاکٹر احمد خان، صدر شعبہ ترجمہ ڈاکٹر سید محمود کاظمی، نظامت ترجمہ و اشاعت کے ڈاکٹر اسلم پرویز، شعبہ اردو، یونیورسٹی آف حیدرآباد کے اساتذہ ڈاکٹر عبدالرب منظر اور ڈاکٹر محمد کاشف، شعبہ اردو مانو کے اساتذہ ڈاکٹر بی بی رضا خاتون، ڈاکٹر ابو شہیم خان، ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر جابر حمزہ، ڈاکٹر بدر سلطانہ کے علاوہ طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈاکٹر شاداب علیم استاد شعبہ اردو میرٹھ یونیورسٹی نے نظامت کی۔ جلسے کا آغاز ایم اے اردو کے متعلم محمد عبدالواجد کی قرات کلام پاک سے ہوا۔ ڈاکٹر فیروز عالم، اسوسیٹ پروفیسر، شعبہ اردو، مانو کے اظہار تشکر پر تقریب کا اختتام عمل میں آیا۔

انوارِ دکن ہفت روزہ اورنگ آباد

22nd to 28th Sept. 2023

# مانو آئی ٹی آئی دربھنگہ میں تقسیم اسناد کی تقریب

حیدرآباد: (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، آئی ٹی آئی دربھنگہ میں 17 ستمبر کو آئی ٹی آئی کامیاب طلباء کے لیے تقسیم اسناد کی تقریب منعقد کی گئی۔ ڈاکٹر فیض الرحمٰن، پرنسپل نے کامیاب طلباء میں اسناد تقسیم کیے اور ان کے روشن مستقبل کی امید ظاہر کی۔ تقریب میں ٹریڈ پلمبر انسٹرکٹرز۔ جناب محمد کمال حسن اور جناب محمد آصف اور ٹریڈ الیکٹریشین انسٹرکٹرز محترمہ آسیہ پروین اور جناب محمد زاہد حسین اور دیگر افراد موجود تھے۔ واضح رہے کہ مانو آئی ٹی آئی دربھنگہ NCVT سے منسلک ہے اور اس ادارے میں 2 سالہ الیکٹریشن اور ایک سالہ پلمبر ٹریڈ کی تربیت مفت دی جاتی ہے۔ اس ادارے کا نتیجہ 100% رہا ہے۔

22nd to 28th Sept. 2023 ہفت روزہ انوارِ دکن حیدرآباد

# مانو میں آئی ٹی آئی کی تکمیل پر طلبا میں اسناد کی تقسیم

حیدرآباد: (پریس نوٹ) ہنر کو سامنے لانے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو جاننا اور فروغ دینا چاہیے۔ اپنے کمال اور ہنر کا اظہار اور اس کی پیش کش بھی ضروری ہے تاکہ دیگر افراد بھی اس سے ترغیب حاصل کرسکیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے 17 ستمبر کو مانو آئی ٹی آئی حیدرآباد کے کامیاب طلبا میں سرٹیفکیٹ کی تقسیم کے پروگرام میں ان خیالات کا اظہار کیا۔ یوم وشوکرما کے جشن کے ایک حصے کے طور پر پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ وائس چانسلر نے کامیاب طلباء میں اسناد تقسیم کیے۔ مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ یونیورسٹی میں اردو بولنے والے بہت سے طلباء کو مختلف شعبوں میں تربیت دی جارہی ہے تاکہ وہ صنعت کے میدان کے لیے تیار ہوسکیں۔ اس طرح مانو کے قیام کا مقصد پورا ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ NEP-2020 مادری زبان میں مہارت کی ترقی پر زور دیتا ہے۔ طلباء کو مشورہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ جو سیکھتے ہیں اسے زندگی میں نافذ کریں۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول برائے ٹکنالوجی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈاکٹر عرشیہ اعظم، پرنسپل نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ جناب ہمکلا چی، انسٹرکٹر و رافس متین رسول نے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر وی ٹی سی آئی ٹی آئی کے اسٹاف کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

انوارِ دکن ہفت روزہ نظام آباد
22nd to 28th Sept. 2023

# مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد میں ایوننگ کالج کے آغاز کی تجویز

## کتاب "شاہینِ اردو" کی رسم اجرا پر پروفیسر سید عین الحسن کا خطاب



حیدرآباد: (پریس نوٹ) "مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی عنقریب پرانے شہر حیدرآباد کے اردو طلبا کے لیے مانو ماڈل اسکول فلک نما میں ایوننگ کالج شروع کرنے جارہا ہے۔" پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے آج کتاب 'شاہینِ اردو' کی رسم اجراء انجام دیتے ہوئے اس کا انکشاف کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر حیدرآباد کے اردو داں طبقے کی خدمت کے لیے اردو یونیورسٹی ہمہ تن سنجیدہ ہے اور تشنگان علم کے لیے مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ میں بی اے کورس بہت جلد شروع کیا جائے گا۔ قبل ازیں پروفیسر سید نجم الحسن، ڈین، المنائی امور نے کتاب کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب دو برس قبل منعقدہ سیمینار "اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز" میں پیش کردہ مقالوں کا مجموعہ ہے جس کا مقصد اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو پیش کرتے ہوئے طلبہ برادری کو اردو یونیورسٹی سے جوڑنا ہے۔ پروفیسر شگفتہ شاہین، او ایس ڈی I نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو کتابی شکل میں پیش کرنا ایک خوش آئند اقدام ہے۔ کتاب کے مرتب ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ ماس کمیونکیشن اینڈ جرنلزم نے وائس چانسلر اور ڈین المنائی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی فارغین کی آپ بیتیوں اور کامیابیوں کو کتاب کے ذریعے پیش کرنے کا مقصد اردو طلبا کی ہمت افزائی اور اردو یونیورسٹی کا تعارف پیش کرنا ہے۔ صدر انجمن طلباء قدیم جناب اعجاز علی قریشی نے مانو کے تعاون سے اردو طلبا میں شعور بیداری کے پروگرام منعقد کرنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ کالج کا آغاز پرانے شہر کے اردو داں طبقے بالخصوص نوجوانوں کے لیے ایک خوش آئند اقدام ہے۔ جناب ایوب خان، جوائنٹ سکریٹری انجمن کے علاوہ شاہد بابا اور عدنان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

Aadab Telangana,
23-09-2023

# مانو آئی ٹی آئی حیدرآباد میں داخلوں کیلئے آج کونسلنگ

حیدرآباد، 22/ستمبر (آداب تلنگانہ نیوز) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، انڈسٹریل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (آئی ٹی آئی)، حیدرآباد میں داخلوں کیلئے چوتھے مرحلے کی کونسلنگ کا 22/ستمبر کو اہتمام کیا جارہا ہے۔ داخلے کے خواہشمند طلبہ اپنے اصل اسناد کے ساتھ صبح 9.30 بجے سے آئی ٹی آئی، مانو کیمپس، گچی باؤلی، حیدرآباد میں شخصی طور پر کونسلنگ میں شرکت کرسکتے ہیں۔ ڈاکٹر عرشیہ اعظم، پرنسپل کے بموجب مختلف آئی ٹی آئی ٹریڈز کی دستیاب مخلوعہ نشستوں پر داخلے دیئے جائیں گے۔ مزید تفصیلات کیلئے شخصی طور پر دفتر آئی ٹی آئی سے یا فون نمبر 040-23008428 یا 9440692452 پر ربط کریں۔

Aadab Telangana, 23-09-2023

# مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد میں ایوننگ کالج کے آغاز کی تجویز

## کتاب ''شاہینِ اردو'' کی رسم اجرا پر پروفیسر سید عین الحسن کا خطاب

حیدرآباد، 22 ستمبر (پریس نوٹ) "مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی عنقریب پرانے شہر حیدرآباد کے اردو طلبا کیلئے مانو ماڈل اسکول فلک نما میں ایوننگ کالج شروع کرنے جارہا ہے۔" پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے آج کتاب 'شاہینِ اردو' کی رسم اجراء انجام دیتے ہوئے اس کا انکشاف کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر حیدرآباد کے اردوداں طبقے کی خدمت کے لیے اردو یونیورسٹی ہمہ تن سنجیدہ ہے اور تشنگان علم کے لیے مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ میں بی اے کورس بہت جلد شروع کیا جائے گا۔ قبل ازیں پروفیسر سید نجم الحسن، ڈین، المنائی امور نے کتاب کا



تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب دو برس قبل منعقدہ سمینار ''اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز'' میں پیش کردہ مقالوں کا مجموعہ ہے جس کا مقصد اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو پیش کرتے ہوئے طلبہ برادری کو اردو یونیورسٹی سے جوڑنا ہے۔ پروفیسر شگفتہ شاہین، اوایس ڈی انے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو کتابی شکل میں پیش کرنا ایک خوش آئند اقدام ہے۔ کتاب کے مرتب ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ ماس کمیونیکیشن اینڈ جرنلزم نے وائس چانسلر اور ڈین المونی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی فارغین کی آپ بیتیوں اور کامیابیوں کو کتاب کے ذریعہ پیش کرنے کا مقصد اردو طلبا کی ہمت افزائی اور اردو یونیورسٹی کا تعارف پیش کرنا ہے۔ صدر انجمن طلباء قدیم اعجاز علی قریشی نے مانو کے تعاون سے اردو طلبا میں شعور بیداری کے پروگرام منعقد کرنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ کالج کا آغاز پرانے شہر کے اردوداں طبقے بالخصوص نوجوانوں کیلئے ایک خوش آئند اقدام ہے۔ ایوب خان، جوائنٹ سکریٹری انجمن کے علاوہ شاہد بابا اور عدنان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

Aadab Telangana,
23-09-2023

# فارسی کیلئے اسپاٹ ایڈمیشن

حیدرآباد، 22رستمبر (پریس نوٹ) شعبہ فارسی ومطالعات وسط ایشیا، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فارسی ایم اے ریگولر کورس میں داخلوں کے لیے برسرموقع داخلہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ کے بموجب ایم اے فارسی صدر دفتر حیدرآباد، سٹیلائیٹ کیمپس لکھنواور بڈگام سری نگر میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ جنہوں نے پہلے فارسی یا کسی دیگر مضمون میں داخلہ کیلئے درخواست داخل کی تھی لیکن کسی وجہ سے داخلہ نہ ملا ہو اب وہ اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ نئے طلبہ بھی درخواست داخل کرسکتے ہیں۔ آن لائن درخواست فارم داخل کرنے کے لیے پورٹل 24 ستمبر تک کھلا رہے گا۔

Aadab Telangana, 23-09-2023

# شعبہ اردو، مانو میں افسانچوں کے مجموعے "غول" کے اجرا کی تقریب

## پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اسلم جمشید پوری و دیگر کا خطاب

حیدرآباد،22 ستمبر(پریس نوٹ)"ڈاکٹر رقیہ جمال نے اپنے افسانچوں کے موضوعات اپنے ماحول اور معاشرے سے لیے ہیں اور موجودہ عہد کے سلگتے مسائل کو فنکارانہ انداز میں پیش کیا ہے۔ ان کے افسانچوں میں زندگی کا ہر پہلو ملتا ہے۔ انہوں نے انسانی زندگی کے علاوہ حیوانات کی زندگی کو بھی موثر ڈھنگ سے پیش کیا ہے۔ ان کے افسانچے غور وفکر کی دعوت دیتے ہیں" ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کل شعبہ اردو، مانو اور شعبہ اردو چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقدہ افسانچوں کے مجموعے "غول" کے اجرا کے موقعہ پر کیا۔ انہوں نے رقیہ جمال کو ان کے پہلے مجموعے کی اشاعت پر مبارکباد دیتے ہوئے مزید کہا کہ وقت کے ساتھ ساتھ زندگی اور ادب میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ داستانوں کے بعد ناول، ناول کے بعد افسانے اور اب افسانچے لکھے جا رہے ہیں۔ جلسے کی مہمان خصوصی پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات نے کہا کہ رقیہ جمال کا تعلق اڈیشا سے ہے جو اردو کا کوئی روایتی مسکن نہیں ہے۔ ایک غیر اردوداں علاقے میں رہ کر وہ اردو کی خدمت کر رہی ہیں اور اپنے افسانچوں اور اڑیا ادب کا اردو میں ترجمہ کر کے ہمیں استفادہ کا موقع دے رہی ہیں۔ اُن کے افسانچوں میں سماج و معاشرہ کی پیچیدگی اور حقیقت نظر آتی ہے۔ دوسرے مہمان خصوصی پروفیسر اسلم جمشید پوری، صدر شعبہ اردو، چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ نے کہا کہ مانو کے شعبہ اردو نے اتنے قلیل عرصے میں ملک کے اردو شعبوں میں اپنا نمایاں اور انفرادی مقام حاصل کیا ہے۔ یہاں کے طلبہ اور اساتذہ اپنی صلاحیت وقابلیت کی بنا پر ہر جگہ اپنی چھاپ چھوڑنے میں کامیاب رہے ہیں۔ انہوں نے رقیہ جمال کے افسانچوں کا تنقیدی جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ رقیہ جمال ان نئی افسانچہ نگاروں میں شامل ہیں جنہوں نے اتنی کم عمری میں اچھے افسانچے لکھ کر قارئین کو چونکایا ہے۔ رقیہ جمال نے اپنی کتاب کی بہ حسن وخوبی رسم اجرا پر تمام مہمانان بالخصوص چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی اور شعبہ اردو مانو کا شکریہ ادا کیا۔ ابتدا میں صدر شعبہ اردو پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے تمام مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور شیخ الجامعہ کا شکریہ ادا کیا کہ وہ شعبے کی ترقی کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹر رقیہ جمال کو افسانچوں کو مجموعہ کی اشاعت کیلئے مبارک باد پیش کی۔ پروفیسر مسرت جہاں، استاد شعبہ اردو، مانو نے رقیہ جمال کے افسانچوں کی نمایاں خصوصیات سے واقف کراتے ہوئے کہا کہ یہ افسانچے ہماری روزمرہ زندگی سے تعلق رکھنے والے موضوعات و مسائل کا احاطہ کرتے ہیں۔ معروف فکشن نگار محترمہ قمر جمالی طبیعت کی خرابی کی وجہ سے جلسے میں شریک نہ ہو سکیں لیکن انہوں نے اپنا مضمون ارسال کیا جس میں رقیہ جمال کے افسانچوں کا نہایت باریک بینی سے جائزہ لیا گیا ہے۔ تقریب رسم اجرا میں ڈاکٹر کہکشاں لطیف، ڈاکٹر ظفر گلزار اور ڈاکٹر ارشاد سیانوی نے بھی مجموعے "غول" پر تنقیدی مقالے پیش کیے۔ اس موقعے پر ڈین بہبودی طلبہ پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، ڈائرکٹر مرکز مطالعات اردو ثقافت پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ڈپٹی ڈائرکٹر ڈاکٹر احمد خان، صدر شعبہ ترجمہ ڈاکٹر سید محمود کاظمی، نظامت ترجمہ واشاعت کے ڈاکٹر اسلم پرویز، شعبہ اردو، یونیورسٹی آف حیدرآباد کے اساتذہ ڈاکٹر عبدالرب منظر اور ڈاکٹر محمد کاشف، شعبہ اردو مانو کے اساتذہ ڈاکٹر بی بی رضا خاتون، ڈاکٹر ابوشہیم خان، ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر جابر حمزہ، ڈاکٹر بدر سلطانہ کے علاوہ طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔

HAMARA SAMAJ
روزنامہ ہمارا سماج دہلی
23 September 2023

# مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد میں ایوننگ کالج کے آغاز کی تجویز

## کتاب ''شاہین اردو'' کی رسم اجرا پر پروفیسر سید عین الحسن کا خطاب

حیدرآباد، 22 رستمبر، پریس ریلیز، ہمارا سماج: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی عنقریب پرانے شہر حیدرآباد کے اردو طلبا کے لیے مانو ماڈل اسکول فلک نما میں ایوننگ کالج شروع کرنے جا رہا ہے۔



پروفیسر سید الحسن، وائس چانسلر نے آج کتاب 'شاہین اردو' کی رسم اجراء انجام دیتے ہوئے اس کا انکشاف کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر حیدرآباد کے اردو داں طبقے کی خدمت کے لیے اردو یونیورسٹی ہمہ تن سنجیدہ ہے اور تشنگان علم کے لیے مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ میں بی اے کورس بہت جلد شروع کیا جائے گا۔ قبل ازیں پروفیسر سید نجم الحسن، ڈین، المنائی امور نے کتاب کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب دو برس قبل منعقدہ سمینار ''اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز'' میں پیش کردہ مقالوں کا مجموعہ ہے جس کا مقصد اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو پیش کرتے ہوئے طلبہ برادری کو اردو یونیورسٹی سے جوڑنا ہے۔ پروفیسر شگفتہ شاہین، او ایس ڈی I نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو کتابی شکل میں پیش کرنا ایک خوش آئند اقدام ہے۔ کتاب کے مرتب ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروی، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ ماس کمیونیکیشن اینڈ جرنلزم نے وائس چانسلر اور ڈین المونی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی فارغین کی آپ بیتیوں اور کامیابیوں کو کتاب کے ذریعہ پیش کرنے کا مقصد اردو طلبا کی ہمت افزائی اور اردو یونیورسٹی کا تعارف پیش کرنا ہے۔ صدر انجمن طلباء قدیم جناب اعجاز علی قریشی نے مانو کے تعاون سے اردو طلبا میں شعور بیداری کے پروگرام منعقد کرنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ کالج کا آغاز پرانے شہر کے اردو داں طبقے بالخصوص نوجوانوں کے لیے ایک خوش آئند اقدام ہے۔ جناب ایوب خان، جوائنٹ سکریٹری انجمن کے علاوہ شاہد بابا اور عدنان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

HAMARA SAMAJ
روزنامہ ہمارا سماج دہلی
23 September 2023

# اردو یونیورسٹی میں ایم اے فارسی کے لیے اسپاٹ ایڈمیشن

حیدرآباد، 22 ستمبر، پریس ریلیز، ہمارا سماج: شعبہ فارسی و مطالعات وسط ایشیا، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فارسی ایم اے ریگولر کورس میں داخلوں کے لیے برسر موقع داخلہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ کے بموجب ایم اے فارسی صدر دفتر حیدرآباد، سٹیلائیٹ کیمپس لکھنو اور بڈگام سری نگر میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ جنہوں نے پہلے فارسی یا کسی دیگر مضمون میں داخلہ کے لیے درخواست داخل کی تھی لیکن کسی وجہ سے داخلہ نہ ملا ہو اب وہ اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ نئے طلبہ بھی درخواست داخل کرسکتے ہیں۔

Daily HAMARA SAMAJ Delhi

روزنامہ ہمارا سماج دہلی

23 September 2023

# شعبہ اردو، مانو میں افسانچوں کے مجموعے ”غول“ کے اجرا کی تقریب

## پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اسلم جمشید پوری و دیگر کا خطاب

حیدرآباد، 2 2رستمبر ، پریس ریلیز، ہمارا سماج: ”ڈاکٹر رقیہ جمال نے اپنے افسانچوں کے موضوعات اپنے ماحول اور معاشرے سے لیے ہیں اور موجودہ عہد کے سلگتے



مسائل کو فنکارانہ انداز میں پیش کیا ہے۔ ان کے افسانچوں میں زندگی کا ہر پہلو ملتا ہے۔ انہوں نے انسانی زندگی کے علاوہ حیوانات کی زندگی کو بھی موثر ڈھنگ سے پیش کیا ہے۔ ان کے افسانچے غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں“ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کل شعبہ اردو، مانو اور شعبہ اردو چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقدہ افسانچوں کے مجموعے ”غول“ کے اجرا کے موقعے پر کیا۔ انہوں نے رقیہ جمال کو ان کے پہلے مجموعے کی اشاعت پر مبارکباد دیتے ہوئے مزید کہا کہ وقت کے ساتھ ساتھ زندگی اور ادب میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ داستانوں کے بعد ناول، ناول کے بعد افسانے اور اب افسانچے لکھے جا رہے ہیں۔ جلسے کی مہمان خصوصی پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات نے کہا کہ رقیہ جمال کا تعلق اڈیشا سے ہے جو اردو کا کوئی روایتی مسکن نہیں ہے۔ ایک غیر اردو داں علاقے میں رہ کر وہ اردو کی خدمت کر رہی ہیں اور اپنے افسانچوں اور اڑیا ادب کا اردو میں ترجمہ کر کے ہمیں استفادہ کا موقع دے رہی ہیں۔ ان کے افسانچوں میں سماج و معاشرہ کی پیچیدگی اور حقیقت نظر آتی ہے۔ دوسرے مہمان خصوصی پروفیسر اسلم جمشید پوری، صدر شعبہ اردو، چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ نے کہا کہ مانو کے شعبہ اردو نے اتنے قلیل عرصے میں ملک کے اردو شعبوں میں اپنا نمایاں اور انفرادی مقام حاصل کیا ہے۔ یہاں کے طلبہ اور اساتذہ اپنی صلاحیت و قابلیت کی بنا پر ہر جگہ اپنی چھاپ چھوڑنے میں کامیاب رہے ہیں۔ انہوں نے رقیہ جمال کے افسانچوں کا تنقیدی جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ رقیہ جمال ان نئی افسانچہ نگاروں میں شامل ہیں جنہوں نے اتنی کم عمری میں اچھے افسانچے لکھ کر قارئین کو چونکایا ہے۔ رقیہ جمال نے اپنی کتاب کی بہ حسن و خوبی رسم اجرا پر تمام مہمانان بالخصوص چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی اور شعبہ اردو مانو کا شکریہ ادا کیا۔ ابتدا میں صدر شعبہ اردو پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے تمام مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور شیخ الجامعہ کا شکریہ ادا کیا کہ وہ شعبے کی ترقی کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹر رقیہ جمال کو افسانچوں کو مجموعہ کی اشاعت کے لیے مبارکباد پیش کی۔ پروفیسر مسرت جہاں، استاد شعبہ اردو، مانو نے رقیہ جمال کے افسانچوں کی نمایاں خصوصیات سے واقف کراتے ہوئے کہا کہ یہ افسانچے ہماری روزمرہ زندگی سے تعلق رکھنے والے موضوعات و مسائل کا احاطہ کرتے ہیں۔ معروف فکشن نگار محترمہ قمر جمالی طبیعت کی خرابی کی وجہ سے جلسے میں شریک نہ ہو سکیں لیکن انہوں نے اپنا مضمون ارسال کیا جس میں رقیہ جمال کے افسانچوں کا نہایت باریک بینی سے جائزہ لیا گیا ہے۔ تقریب رسم اجرا میں ڈاکٹر کہکشاں لطیف، ڈاکٹر ظفر گلزار اور ڈاکٹر ارشاد سیانوی نے بھی مجموعے ”غول“ پر تنقیدی مقالے پیش کیے۔

Saeban 23.09.2023.

# مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد میں ایوننگ کالج کے آغاز کی تجویز

حیدرآباد (پریس نوٹ) "مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی عنقریب پرانے شہر حیدرآباد کے اردو طلبا کے لیے مانو ماڈل اسکول فلک نما میں ایوننگ کالج شروع کرنے جارہا ہے۔" پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے آج کتاب 'شاہین اردو' کی رسم اجراء انجام دیتے ہوئے اس کا انکشاف کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر حیدرآباد کے اردو داں طبقے کی خدمت کے لیے اردو یونیورسٹی ہمہ تن سنجیدہ ہے اور تشنگان علم کے لیے مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ میں بی اے کورس بہت جلد شروع کیا جائے گا۔

قبل ازیں پروفیسر سید نجم الحسن، ڈین، انسانی امور نے کتاب کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب دو برس قبل منعقدہ سمینار "اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز" میں پیش کردہ مقالوں کا مجموعہ ہے جس کا مقصد اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو پیش کرتے ہوئے طلبہ برادری کو اردو یونیورسٹی سے جوڑنا ہے۔ پروفیسر شگفتہ شاہین، او ایس ڈی I نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو کتابی شکل میں پیش کرنا ایک خوش آئند اقدام ہے۔

کتاب کے مرتب ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ ماس کمیونیکیشن اینڈ جرنلزم نے وائس چانسلر اور ڈین الومنی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی فارغین کی آپ بیتیوں اور کامیابیوں کو کتاب کے ذریعے پیش کرنے کا مقصد اردو طلبا کی ہمت افزائی اور اردو یونیورسٹی کا تعارف پیش کرنا ہے۔ صدر انجمن طلباء قدیم جناب اعجاز علی قریشی نے مانو کے تعاون سے اردو طلبا میں شعور بیداری کے پروگرام منعقد کرنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ کالج کا آغاز پرانے شہر کے اردو داں طبقے بالخصوص نوجوانوں کے لیے ایک خوش آئند اقدام ہے۔ جناب ایوب خان، جوائنٹ سکریٹری انجمن کے علاوہ شاہد بابا اور عدنان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

Saeban, 23-09-2023

# اردو یونیورسٹی میں ایم اے فارسی کے لیے اسپاٹ ایڈمیشن

حیدرآباد (پریس نوٹ) شعبہ فارسی و مطالعات وسط ایشیا، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فارسی ایم اے ریگولر کورس میں داخلوں کے لیے برسر موقع داخلہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ کے بموجب ایم اے فارسی صدر دفتر حیدرآباد، سٹیلائیٹ کیمپس لکھنؤ اور بڈگام سری نگر میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ جنہوں نے پہلے فارسی یا کسی دیگر مضمون میں داخلہ کے لیے درخواست داخل کی تھی لیکن کسی وجہ سے داخلہ نہ ملا ہو اب وہ اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ نئے طلبہ بھی درخواست داخل کرسکتے ہیں۔ آن لائن درخواست فارم داخل کرنے کے لیے پورٹل 24 ستمبر تک کھلا رہے گا۔ امیدوار کو متعلقہ دستاویزات کے ساتھ متعلقہ شعبہ کیمپس میں 25 ستمبر صبح 10 بجے تا 5 بجے شام شخصی طور پر رپورٹ کرنی ہوگی۔ منتخب امیدواروں کی فہرست 27 ستمبر کو جاری ہوگی۔ اور طلبہ کو 30 ستمبر تک فیس داخل کرنا ہوگا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر موجود ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے حیدآباد میں داخلہ کے لیے ڈاکٹر رضوان (9844963518)، لکھنؤ کے لیے ڈاکٹر ذیشان حیدر (9336027795) اور سری نگر کے لیے ڈاکٹر جنید احمد (8803732935) سے رابطہ کریں۔

Saeban, 23-09-2023

# شعبہ اردو، مانو میں افسانچوں کے مجموعے "غول" کے اجرا کی تقریب



حیدرآباد (پریس نوٹ) "ڈاکٹر رقیہ جمال نے اپنے افسانچوں کے موضوعات اپنے ماحول اور معاشرے سے لیے ہیں اور موجودہ عہد کے سلگتے مسائل کو فنکارانہ انداز میں پیش کیا ہے۔ ان کے افسانچوں میں زندگی کا ہر پہلو ملتا ہے۔ انہوں نے انسانی زندگی کے علاوہ حیوانات کی زندگی کو بھی موثر ڈھنگ سے پیش کیا ہے۔ ان کے افسانچے غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں" ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کل شعبہ اردو، مانو اور شعبہ اردو چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقدہ افسانچوں کے مجموعے "غول" کے اجرا کے موقع پر کیا۔ انہوں نے رقیہ جمال کو ان کے پہلے مجموعے کی اشاعت پر مبارکباد دیتے ہوئے مزید کہا کہ وقت کے ساتھ ساتھ زندگی اور ادب میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ داستانوں کے بعد ناول، ناول کے بعد افسانے اور اب افسانچے لکھے جا رہے ہیں۔

جلسے کی مہمان خصوصی پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات نے کہا کہ رقیہ جمال کا تعلق اڑیشا سے ہے جو اردو کا کوئی روایتی مسکن نہیں ہے۔ ایک غیر اردو داں علاقے میں رہ کر وہ اردو کی خدمت کر رہی ہیں اور اپنے افسانچوں اور اڑیا ادب کا اردو میں ترجمہ کر کے ہمیں استفادہ کا موقع دے رہی ہیں۔ ان کے افسانچوں میں سماج و معاشرہ کی پیچیدگی اور حقیقت نظر آتی ہے۔ دوسرے مہمان خصوصی پروفیسر اسلم جمشید پوری، صدر شعبہ اردو، چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ نے کہا کہ مانو کے شعبہ اردو نے اتنے قلیل عرصے میں ملک کے اردو شعبوں میں اپنا نمایاں اور انفرادی مقام حاصل کیا ہے۔ یہاں کے طلبہ اور اساتذہ اپنی صلاحیت و قابلیت کی بنا پر ہر جگہ اپنی چھاپ چھوڑنے میں کامیاب رہے ہیں۔ انہوں نے رقیہ جمال کے افسانچوں کا تنقیدی جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ رقیہ جمال ان نئی افسانچہ نگاروں میں شامل ہیں جنہوں نے اتنی کم عمری میں اچھے افسانچے لکھ کر قارئین کو چونکایا ہے۔

رقیہ جمال نے اپنی کتاب کی بہ حسن و خوبی رسم اجرا پر تمام مہمانان بالخصوص چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی اور شعبہ اردو مانو کا شکریہ ادا کیا۔

ابتدا میں صدر شعبہ اردو پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے تمام مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور شیخ الجامعہ کا شکریہ ادا کیا کہ وہ شعبے کی ترقی کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹر رقیہ جمال کو افسانچوں کو مجموعہ کی اشاعت کے لیے مبارکباد پیش کی۔

پروفیسر مسرت جہاں، استاد شعبہ اردو، مانو نے رقیہ جمال کے افسانچوں کی نمایاں خصوصیات سے واقف کراتے ہوئے کہا کہ یہ افسانچے ہماری روزمرہ زندگی سے تعلق رکھنے والے موضوعات و مسائل کا احاطہ کرتے ہیں۔

معروف فکشن نگار محترمہ قمر جمالی طبیعت کی خرابی کی وجہ سے جلسے میں شریک نہ ہو سکیں لیکن انہوں نے اپنا مضمون ارسال کیا جس میں رقیہ جمال کے افسانچوں کا نہایت باریک بینی سے جائزہ لیا گیا ہے۔ تقریب رسم اجرا میں ڈاکٹر کہکشاں لطیف، ڈاکٹر ظفر گلزار اور ڈاکٹر ارشاد سیانوی نے بھی مجموعے "غول" پر تنقیدی مقالے پیش کیے۔ اس موقع پر ڈین بہبودی طلبہ پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، ڈائرکٹر مرکز مطالعات اردو ثقافت پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ڈپٹی ڈائرکٹر ڈاکٹر احمد خان، صدر شعبہ ترجمہ ڈاکٹر سید محمود کاظمی، نظامت ترجمہ و اشاعت کے ڈاکٹر اسلم پرویز، شعبہ اردو، یونیورسٹی آف حیدرآباد کے اساتذہ ڈاکٹر عبدالرب منظر اور ڈاکٹر محمد کاشف، شعبہ اردو مانو کے اساتذہ ڈاکٹر بی بی رضا خاتون، ڈاکٹر ابو شہیم خان، ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر جابر حمزہ، ڈاکٹر بدر سلطانہ کے علاوہ طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈاکٹر شاداب علیم استاد شعبہ اردو میرٹھ یونیورسٹی نے نظامت کی۔ جلسے کا آغاز ایم اے اردو کے متعلم محمد عبدالواحد کی قرات کلام پاک سے ہوا۔ ڈاکٹر فیروز عالم، اسوسیٹ پروفیسر، شعبہ اردو، مانو کے اظہار تشکر پر تقریب کا اختتام عمل میں آیا۔

Sada e Hussaini, 23-09-2023

# مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد میں ایوننگ کالج کے آغاز کی تجویز
## کتاب 'شاہین اردو' کی رسم اجرا پر پروفیسر سید عین الحسن کا خطاب



حیدرآباد، 22 ستمبر (پریس نوٹ) "مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی عنقریب پرانے شہر حیدرآباد کے اردو طلبا کے لیے مانو ماڈل اسکول فلک نما میں ایوننگ کالج شروع کرنے جا رہا ہے۔" پروفیسر سید الحسن، وائس چانسلر نے آج کتاب 'شاہینِ اردو' کی رسم اجراء انجام دیتے ہوئے اس کا انکشاف کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر حیدرآباد کے اردو داں طبقے کی خدمت کے لیے اردو یونیورسٹی ہمہ تن سنجیدہ ہے اور تشنگان علم کے لیے مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ میں بی اے کورس بہت جلد شروع کیا جائے گا۔ قبل ازیں پروفیسر سید نجم الحسن، ڈین، المنائی امور نے کتاب کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب دو برس قبل منعقدہ سمینار ''اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز'' میں پیش کردہ مقالوں کا مجموعہ ہے جس کا مقصد اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو پیش کرتے ہوئے طلبہ برادری کو اردو یونیورسٹی سے جوڑنا ہے۔ پروفیسر شگفتہ شاہین، او ایس ڈی I نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے فارغین کی کامیابیوں کو کتابی شکل میں پیش کرنا ایک خوش آئند اقدام ہے۔ کتاب کے مرتب ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروی، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ ماس کمیونیکیشن اینڈ جرنلزم نے وائس چانسلر اور ڈین المونی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی فارغین کی آپ بیتیوں اور کامیابیوں کو کتاب کے ذریعے پیش کرنے کا مقصد اردو طلبا کی ہمت افزائی اور اردو یونیورسٹی کا تعارف پیش کرنا ہے۔ صدر انجمن طلباء قدیم جناب اعجاز علی قریشی نے مانو کے تعاون سے اردو طلبا میں شعور بیداری کے پروگرام منعقد کرنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ مانو ماڈل اسکول میں ایوننگ کالج کا آغاز پرانے شہر کے اردو داں طبقے بالخصوص نوجوانوں کے لیے ایک خوش آئند اقدام ہے۔ ایوب خان، جوائنٹ سکریٹری انجمن کے علاوہ شاہد بابا اور عدنان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

Sada e Hussaini, 23-09-2023

# اردو یونیورسٹی میں ایم اے فارسی کیلئے اسپاٹ ایڈمیشن

حیدرآباد، 22/ستمبر (پریس نوٹ)

شعبہ فارسی ومطالعات وسط ایشیا، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فارسی ایم اے ریگولر کورس میں داخلوں کے لیے برسر موقع داخلہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ کے بموجب ایم اے فارسی صدر دفتر حیدرآباد، سٹیلائیٹ کیمپس لکھنو اور بڈگام سری نگر میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ جنہوں نے پہلے فارسی یا کسی دیگر مضمون میں داخلہ کے لیے درخواست داخل کی تھی لیکن کسی وجہ سے داخلہ نہ ملا ہو اب وہ اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ نئے طلبہ بھی درخواست داخل کرسکتے ہیں۔ آن لائن درخواست فارم داخل کرنے کے لیے پورٹل 24 ستمبر تک کھلا رہے گا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر موجود ہیں۔

رہنمائے دکن
23 SEP 2023

## یو جی، CUET اور آرٹیفیشیل انٹیلی جنس و مشین لرننگ کورسس میں داخلے

حیدرآباد، 22 ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں CUET کے ذریعہ 4 سالہ انٹیگریٹیڈ انڈر گریجویٹ پروگرامس، بی اے، بی اے (جے ایم سی)، بی کام، بی ایس سی کورسس اور ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ - آرٹیفیشیل انٹیلی جنس و مشین لرننگ) پارٹ ٹائم و اسپانسرڈ/ سیلف فینانس کورسس کی مخلوعہ نشستوں پر برسر موقع داخلے دیئے جارہے ہیں۔ آن لائن پورٹل 23 اور 24 ستمبر کو کھلا رہے گا۔ پروفیسر ایم ونجا، ڈائرکٹر نظامت داخلہ کے بموجب ایسے طلبہ کو بھی داخلہ کا موقع رہے گا جنہوں نے CUET میں اردو یونیورسٹی کو منتخب کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ اس کے علاوہ ایسے طلبہ جنہوں نے CUET میں کامیابی حاصل نہ کی ہو یا اردو کو بطور زبان منتخب نہ کیا ہو لیکن 10 ویں یا بارہویں سطح پر اردو بطور میڈیم یا اردو بطور زبان پڑھا ہو وہ بھی رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ میرٹ کی اساس کے پوسٹ گریجویٹ کورسس اور پی جی ڈپلوما ان ٹیچنگ انگلش کے لیے بھی 22 تا 24 ستمبر داخلوں کا پورٹل کھلا رہے گا۔ مزید تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in یا ای میل admissionsregular@manuu.edu.in سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

23

منصف
24 SEP 2023

## یو جی، CUET اور آرٹیفیشیل انٹیلی جنس و مشین لرننگ کورسس میں داخلے

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں CUET کے ذریعہ 4 سالہ انٹیگریٹیڈ انڈر گریجویٹ پروگرامس، بی اے، بی اے (جے ایم سی)، بی کام، بی ایس سی کورسس اور ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ - آرٹیفیشیل انٹیلی جنس و مشین لرننگ) پارٹ ٹائم و اسپانسرڈ/ سیلف فینانس کورسس کی مخلوعہ نشستوں پر برسر موقع داخلے دیئے جارہے ہیں۔ آن لائن پورٹل 23 اور 24 ستمبر کو کھلا رہے گا۔

ایسے طلبہ کو بھی داخلہ کا موقع رہے گا جنہوں نے CUET میں اردو یونیورسٹی کو منتخب کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ اس کے علاوہ ایسے طلبہ جنہوں نے CUET میں کامیابی حاصل نہ کی ہو یا اردو کو بطور زبان منتخب نہ کیا ہو لیکن 10 ویں یا بارہویں سطح پر اردو بطور میڈیم یا اردو بطور زبان پڑھا ہو وہ بھی رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔

اس کے علاوہ میرٹ کی اساس کے پوسٹ گریجویٹ کورسس اور پی جی ڈپلوما ان ٹیچنگ انگلش کے لیے بھی 22 تا 24 ستمبر داخلوں کا پورٹل کھلا رہے گا۔

مزید تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in یا ای میل admissionsregular@manuu.edu.in سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

راشٹریہ سہارا '23 SEP 2023

## اردو یونیورسٹی میں

## ایم اے فارسی کیلئے اسپاٹ ایڈمیشن

حیدرآباد، 22 ستمبر (پریس نوٹ) شعبہ فارسی و مطالعات وسط ایشیا، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فارسی ایم اے ریگولر کورس میں داخلوں کے لیے برسر موقع داخلہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، صدر شعبہ کے بموجب ایم اے فارسی صدر دفتر حیدرآباد، سٹیلائیٹ کیمپس لکھنو اور بڈگام سری نگر میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ جنہوں نے پہلے فارسی یا کسی دیگر مضمون میں داخلہ کے لیے درخواست داخل کی تھی لیکن کسی وجہ سے داخلہ نہ ملا ہو اب وہ اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ نئے طلبہ بھی درخواست داخل کرسکتے ہیں۔ آن لائن درخواست فارم داخل کرنے کے لیے پورٹل 24 ستمبر تک کھلا رہے گا۔ امیدوار کو متعلقہ دستاویزات کے ساتھ متعلقہ شعبہ کیمپس میں 25 ستمبر صبح 10 بجے تا 5 بجے شام شخصی طور پر رپورٹ کرنی ہوگی۔ منتخب امیدواروں کی فہرست 27 ستمبر کو جاری ہوگی۔ اور طلبہ کو 30 ستمبر تک فیس داخل کرنا ہوگا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر موجود ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے حیدآباد میں داخلہ کے لیے ڈاکٹر رضوان (9844963518)، لکھنو کے لیے ڈاکٹر ذیشان حیدر (9336027795) اور سری نگر کے لیے ڈاکٹر جنید احمد (8803732935) سے ربط پیدا کرسکتے ہیں۔

23

منصف '24 SEP 2023

## اردو یونیورسٹی میں ایم اے فارسی کے لیے اسپاٹ ایڈمیشن

شعبہ فارسی و مطالعات وسط ایشیا، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں فارسی ایم اے ریگولر کورس میں داخلوں کے لیے برسر موقع داخلہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

ایم اے فارسی صدر دفتر حیدرآباد، سٹیلائیٹ کیمپس لکھنو اور بڈگام سری نگر میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ جنہوں نے پہلے فارسی یا کسی دیگر مضمون میں داخلہ کے لیے درخواست داخل کی تھی لیکن کسی وجہ سے داخلہ نہ ملا ہو اب وہ اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ نئے طلبہ بھی درخواست داخل کرسکتے ہیں۔ آن لائن درخواست فارم داخل کرنے کے لیے پورٹل 24 ستمبر تک کھلا رہے گا۔ امیدوار کو متعلقہ دستاویزات کے ساتھ متعلقہ شعبہ کیمپس میں 25 ستمبر صبح 10 بجے تا 5 بجے شام شخصی طور پر رپورٹ کرنی ہوگی۔ منتخب امیدواروں کی فہرست 27 ستمبر کو جاری ہوگی۔ اور طلبہ کو 30 ستمبر تک فیس داخل کرنا ہوگا۔

تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر موجود ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے حیدآباد میں داخلہ کے لیے ڈاکٹر رضوان (9844963518)، لکھنو کے لیے ڈاکٹر ذیشان حیدر (9336027795) اور سری نگر کے لیے ڈاکٹر جنید احمد (8803732935) سے رابطہ کریں۔

M 24

## MANUU student bags First Prize in Photography

By Voiceup Media Sep 24, 2023



Hyderabad: Danish Raza, an alumnus of Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad, won the first prize in the Single Photo Competition held on September 20 at Government Degree College Baramulla, Jammu & Kashmir.

The competition was part of a day-long Media Festival organized by the Department of Media Studies of GDC Baramulla.

Danish Raza studied at the Department of Mass Communication & Journalism, MANUU, and also served as Secretary of the University Fine Arts Club during the year 2022-23.

## MANUU student bags First Prize in Photography

By IND Today News Desk Last updated Sep 24, 2023



Hyderabad: Danish Raza, an alumnus of Maulana Azad National Urdu University (MANUU), Hyderabad, won the first prize in the Single Photo Competition held on 20th September at *Government Degree College Baramulla, Jammu & Kashmir*.

The competition was part of a day-long Media Festival organized by the Department of Media Studies of GDC Baramulla. Danish Raza studied at the Department of Mass Communication & Journalism, MANUU, and also served as Secretary of the University Fine Arts Club during the year 2022-23.

## **MANUU student bags first prize in photography in Kashmir**

**News Desk** | Published: 24th September 2023 7:13 pm IST



**Hyderabad**: Danish Raza, an alumnus of Maulana Azad National Urdu University won the first prize in the Single Photo Competition held on 20th September at Government Degree College Baramulla, Jammu & Kashmir.

According to a press release from the University, the competition was part of a day-long Media Festival organized by the Department of Media Studies of GDC Baramulla. Danish Raza studied at the Department of Mass Communication & Journalism, MANUU. He also served as Secretary of the University Fine Arts Club during 2022-23.